© rasailojaraid.com



## Beyond the Manifest

مصنف: ڈاکٹر شہزاد قیصر، ناشر: اقبال اکادمی پاکستان، ایجرٹن روڈ، لاہور، صفحات: ۱۹۴، قیمت: ۲۰۰ روپے

ڈاکٹر شہزاد قیصر فلسفے کا پس منظر رکھنے والے معروف دانش ور ہیں۔ ان کی زیادہ تر دلچسپی فلسفہ، مابعد الطبیعیات اور تصوف میں ہے اور ان موضوعات پر اُن کی بہت سی تصنیفات منظرِ عام پر آ چکی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کو حضرت خواجہ غلام فرید سے خاص تعلق ہے اور انہوں نے انگریزی زبان میں حضرت صاحب کی زندگی، شاعری اور فلسفے پر بہت کچھ لکھا ہے۔ ڈاکٹر صاحب شاعر بھی ہیں اور اُن کی پنجابی شاعری کتابی صورت میں شائع ہو چکی ہے۔ ان تمام حاصلات کے ساتھ شہزاد قیصر ایک اعلیٰ درجے کے سرکاری افسر بھی ہیں۔ اس سے ہم اُن کی شاندار تخلیقی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کا اندازہ کر سکتے ہیں۔

زیرِ توجہ کتاب اُن کی تازہ ترین تخلیق ہے جس میں مابعد الطبیعیات، روایت اور ثقافت سے متعلقہ موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ اس کے پہلے تین ابواب میں زیادہ تر حضرت خواجہ غلام فرید کے تصورِ وحدت الوجود کی وضاحت کی گئی ہے۔ دیگر موضوعات جو زیرِ بحث آئے ہیں ان میں پاکستانی ثقافت کی ماہیت، پاکستانی ثقافت کے لسانی ابعاد، مابعد الطبیعیاتی روایت کو درپیش جدید چیلنج اور پاکستانی معاشرہ اور مذہبی رواداری نیز بین المذاہبی ہم آہنگی کے اسلامی پس منظر شامل ہیں۔

---

© rasailojaraid.com